یہ کتاب صوبۂ بمبئی اور ریاستِ میسور میں بطور ٹیکسٹ مقرر ہے

جملہ حقوق محفوظ

2148

از

297.1353
WAH

2148

۲۵۱ مجلد ملمبو بازار گکدہ ریٹی

اس کتاب پر

علامہ ڈاکٹر محمد اقبال

کی رائے

"اس سلسلے کے لئے میں مبارکباد کہتا ہوں۔ آپ کا مقصد بلند ہے۔"

اس کتاب پر

آنریبل جسٹس ڈاکٹر سر

ایس ایم سلیمان نائٹ

ایم اے۔ ایل ایل ڈی چیف جسٹس الہ آباد

کی رائے

"بہترین کتاب ہے۔"

اس کتاب پر

ڈاکٹر وحید مرزا ایم اے

پی۔ ایچ۔ ڈی۔ آف عربک ڈپارٹمنٹ یونیورسٹی آف لکھنؤ، کی رائے

"یہ کتاب بچوں کے لئے ایک نعمت ہے"

اس کتاب پر

ڈاکٹر ایم بی۔ رحمان

ایم اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی پرنسپال اسمٰعیل کالج بمبئی کی رائے

"نہایت اچھی کتاب ہے"

Accession No 2118

فہرس

29.1.1353
W.P. II

ایمان

اٰمَنْتُ بِاللہِ۔ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ۔ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ، زبان سے اقرار کرنے، دل سے صحیح جاننے اور ارکان سے عمل کرنے کو ایمان کہتے ہیں۔ خدا کی ذات، اسکی صفات اور اسکی ہدایات کے ماننے والے کو مومن، اس کے انکار کرنے والے کو کافر، اس میں دوسروں کو شریک کرنے والے کو مشرک، اور اس کو مان کر اس کے خلاف عمل کرنے والے کو منافق کہتے ہیں مسلم وہی ہے۔ جس کا جینا مرنا، کھانا پینا، اُٹھنا بیٹھنا، محبّت اور عداوت سب کچھ اللہ ہی کے لئے ہو،

(۱) اللہ

یہ گھر، جس میں ہم رہتے ہیں کس نے بنائے؟ معمار نے۔ یہ کپڑے جو ہم پہنے ہوئے ہیں، کس نے بُنے؟ جولاہے نے۔ تو پھر یہ زمین،

یہ آسمان، یہ چاند، یہ سورج، یہ دریا، یہ پہاڑ، کس نے بنائے؛ اللہ پاک نے۔ جو کچھ ہم دیکھتے ہیں، اسی کا بنایا ہوا ہے۔ ساری کائنات کو اسی نے پیدا کیا۔ وہ ہمیشہ سے ہے۔ اور ہمیشہ رہے گا۔ نہ وہ کسی سے نکلا ہے، نہ کوئی چیز اس سے نکلی، اس جیسا کوئی نہیں۔ پیدا کرنے والا، مارنے والا، عزت دینے والا، ذلت دینے والا، سارے عالموں کا رب، رحمان و رحیم وہی ہے۔ اس کی محبت دماغ میں اطمینان، اور امید پیدا کرتی ہے۔ انسان جب اُسے یاد کرنے لگتا ہے؛ تو سیکڑوں اچھے کام اس سے ہونے لگتے ہیں۔ اور جب اُسے بھول جاتا ہے، تو ہزاروں برائیوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اللہ ہر جگہ ہمارے ساتھ ہوتا ہے، ہم اسے ایکبار پکارتے ہیں، تو وہ ستر بار جواب دیتا ہے۔ ہم کو وہ اس لئے نہیں دکھائی دیتا، اور اس کی آواز اس لئے نہیں سنائی دیتی، کہ ہماری آنکھیں صرف ذرات سے بنی ہوئی چیزوں کو دیکھ سکتی اور کان صرف انہیں کی آوازوں کو سن سکتے ہیں۔ ہم کو چاہئے، کہ اس کا کہا مانیں۔ اس کے خلاف کسی کی کچھ نہ سنیں، اس کے لئے ہم سے جو کچھ بنے کر گذریں اور زندگی کا ایک لمحہ بھی بیکار نہ جانے دیں۔ اس کی صفات اپنے اندر پیدا کریں۔ وہ قوی ہے۔ ہم بھی اپنے اندر ہر قسم کی قوت پیدا کریں۔

وہ پاک ہے، ہم بھی پاک بنیں، اور پاکیزگی کو پھیلائیں۔ وہ امن دینے والا ہے۔ ہم بھی اس کی مخلوق کو امن دیں۔ وہ نگہبان ہے۔ ہم بھی ہر چیز کے نگہبان بنیں۔ وہ زبردست ہے۔ ہم بھی زبردست بنیں۔ وہ جاننے والا ہے۔ ہم بھی جاننے والے بنیں۔ وہ انصاف والا ہے۔ ہم بھی انصاف کرنے والے بنیں۔ وُہ بُردبار ہے، ہم بھی بُردبار بنیں وُہ بُلند ہے۔ ہم بھی بُلند بنیں۔ وہ اچھا دوست ہے۔ ہم بھی اچھے دوست بنیں۔ وہ مضبوط ہے، ہم بھی مضبوط بنیں۔ وہ قدرت والا ہے، ہم بھی قُدرت والے بنیں۔ وہ معاف کرنے والا ہے۔ ہم بھی معاف کرنے والے بنیں۔ وہ نفع دینے والا ہے، ہم بھی نفع دینے والے بنیں۔ وہ روشنی والا ہے۔ ہم بھی روشنی والے بنیں۔ اور دُنیا کے کونے کونے میں روشنی پھیلائیں۔ وہ راہ دکھانے والا ہے۔ ہم بھی راہ دکھانے والے بنیں۔ غرض اس کی صفات اپنے اندر پیدا کریں۔ نیکیوں کو پھیلائیں اور بدیوں کو مٹائیں۔ نیکی وہ ہے جو ہم کو، اور اَوروں کو فائدہ دے، اور آگے بڑھائے۔ بَدی وہ ہے، جو ہم کو اور اَوروں کو نقصان دے، اور پیچھے ہٹا دے۔

(۲) ملٰئکہ

جس طرح ہم کچھ کام کسی چیز سے اور کچھ کام کسی چیز سے لیتے ہیں اسی طرح اللہ پاک کائنات کے کام، جن قوتوں سے لیتا ہے، ان کو ملائکہ کہتے ہیں۔ جو مَلک اللہ کے پاک ارادوں کو انسانی دماغ میں ڈالتا ہے، اُس کو جبرئیلؑ کہتے ہیں۔ جو کچھ ڈالا جاتا ہے، اس کو وحی، اور جس کے دماغ میں ڈالا جاتا ہے، اُسے نبی یا رسولؐ، اور جس میں یہ باتیں لکھی جاتی ہیں، اُسے کتاب یا کتاب اللہ کہتے ہیں۔

(۳) کتب

جس طرح اللہ پاک نے ہمیں آنکھ، اور کان، دل اور دماغ، عطا فرمائے۔ اسی طرح اپنی زندگی کو فائدہ اور کام کی بنانے کے لئے دستور العمل عنایت کیے، ان کو کتاب اللہ، یا کتب سماوی کہتے ہیں۔ دُنیا کی تقریبًا ہر قوم کو اُس نے ایک ایک کتاب دی۔ اور پھر ان تمام کتابوں کا نچوڑ ایک کتاب میں پیش فرمایا۔ جس کا نام قرآن ہے۔

یہ تمام قوموں کی کتاب ہے۔ سب قومیں اسے اپنی چھاتی سے لگائینگی،
اور سب جھنڈے اس کے سامنے جھکیں گے۔ قرآن پاک دنیا جہان کے
انسانوں سے یہ کہتا ہے، کہ اے لوگو، تم سب ایک اکیلے اللہ کو پوجو، اور
جو عزتیں اس کے لئے خاص ہیں۔ وہ اوروں کو نہ دو، تم کو جو بے انتہا
قوتیں دی گئی ہیں، ان کو پہچانو۔ ان سے کام لو۔ کوئی کام تمہارے لیئے
ناممکن نہیں ہے۔ کل مخلوق کو اللہ کا کنبہ سمجھو۔ خود خوش رہو۔ اور سب میں
خوشی کو پھیلاؤ۔ کسی کو چھوٹا، کسی کو بڑا مت بناؤ۔ سب سے بڑا وہ ہے،
جو سب سے زیادہ کام کرے، سب کام اللہ ہی کے لئے کرو۔ اپنی قوتوں
کو بیکار کاموں میں صرف نہ کرو۔ اور ضرورت کی جگہ سب کچھ صرف کرو
ہر کام کو اسکے معین وقت میں کرو۔ زندگی کے ایک ایک لمحہ کو قیمتی سمجھو۔
جب کوئی کام کرنے لگو، تو اپنا پورا دھیان اس میں لگادو۔ نیکوں کی
صحبت اختیار کرو۔ ماں باپ کا شکر کرو۔ ایسے علوم حاصل کرو،
جو تمہیں اور دوسروں کو نفع دیں۔ تندرستی کو ہزار نعمت سمجھو۔ اپنے
باپ دادا کے حالات پڑھو، تاکہ جن چیزوں نے انہیں نقصان پہنچایا۔
ان سے بچو، اور جن سے انہیں فائدہ پہنچا، انہیں اختیار کرو۔ دُنیا میں

امن پھیلاؤ، محنتی بنو - زندگی کو سادہ بناؤ - یقین پیدا کرو - پُرامید رہو - ظلم کو مٹا دو - سچّائی کو پھیلاؤ - تکلیفوں کو کامیابی کا ذریعہ سمجھو - خُدائی مقاصد کو اپنی زندگی کا مقصد بناؤ - تمام فرقوں اور قوموں سے رواداری برتو - خدا کو ہمیشہ اپنی پیٹھ پر سمجھو - اس کی مرضی کو اپنی مرضی بناؤ، اس کی دیدار کی تمنّا پیدا کرو - نیک گمان بنو - اعمال کے دوگونہ نتائج سے خبردار رہو - بھلے کاموں کے بھلے اور بُرے کاموں کے بُرے نتیجے ہونگے بُرے نتیجے کے بھگتنے کی جگہ جہنّم ہے - اور بھلے نتیجوں کے پھل پانے کی جگہ کا نام جنّت - پس زمین پر آسمانی بادشاہت کو قائم کرنا تمہاری زندگی کا مقصد ہے - جو لوگ ان باتوں کو مانیں، اور عمل کریں، وہ مُسلمان ہیں - ایک مُسلمان کا مال، اسکی عزّت، اور اسکی جان دوسرے مُسلمان پر حرام ہے -

(۴) رسول

جس طرح اللہ پاک نے ہر قوم کو کتابیں دیں - اسی طرح ان میں رسول بھی بھیجے، جن رسولوں کے نام قرآن میں ہیں، ہم ان کو رسول مانتے ہیں، اور دوسروں کے متعلق ہم دُنیا کی ہر قوم سے کہتے ہیں،

کہ تمہیں ضرور رسول دیا گیا۔ ہم اسے مانتے اور اسپر سلام بھیجتے ہیں۔ اگر ان سے کسی خلافِ قرآن یعنے خلافِ فطرت بات کو منسوب کیا جائے تو ہم کہتے ہین، ایسی بات رسولوں سے نہیں ہو سکتی۔ جس طرح اللہ پاک نے سب قوموں کے لئے قرآن نازل کیا۔ اسی طرح سب قوموں کے لئے نبی الانبیاء کو پیدا کیا۔ ان کا نام حضرت محمدؐ ہے (ان کا بول بالا ہو) آپ دُنیا میں امن و راحت، مسرّت و محبّت پھیلانے کے لئے پیدا ہوے دُنیا میں اس مقصد کے لئے ایک جماعت بنائی، جسکا نام امّت مسلمہ رکھا۔ آپ کی لائی ہُوی کتاب کا نام قرآن، اور آپ کے قول و عمل کو سنت یا حدیث کہتے ہین۔

(۵) یومِ آخر

جس طرح یہ دُنیا ایک دن شروع ہُوی تھی۔ اسی طرح ایک دن اخیر بھی ہو جائے گی، اسی کا نام یومِ آخر ہے۔

(۶) نیکی اور بدی

ہر عمل کے نتیجہ کا اندازہ خدا کا لگایا ہوا ہے۔ کسی چیز کا صحیح طریقے پر کرنا نیکی اور غلط طریقے پر کرنا بدی ہے۔ جس طرح کہ کھیل کے وقت کھیلنا نیکی ہے، اور پڑھتے وقت کھیلنا بدی ہے۔ یہ یاد رکھنے کی بات ہے، کہ نیکی یا بدی کی جب انسان کو عادت پڑ جاتی ہے۔ تو وہ بعد میں اُسے بلا اختیار کرنے لگ جاتا ہے۔ بُری عادت وہ ناسور ہے جو کبھی چنگا نہیں ہوتا۔

(۷) موت

مر جانے کے بعد زندگی ختم نہیں ہوتی۔ بلکہ جاری رہتی ہے۔ البتہ وہ زندگی اس زندگی جیسی نہیں ہوتی۔

مُسلمان بچّہ کا عہد

ہر مُسلمان بچّے کو جب وہ سات سال کا ہو جاتا ہے، تو نمازِ جُمعہ نہا دھو کر خوشبو لگا کر ادا کرنے کے بعد اپنے ماں باپ کے آگے یا اُستاد یا امام کے رُوبرو یہ عہد کرنا چاہیئے اور ہر روز صبح کو اُٹھتے ہی، اور شب کو سوتے وقت اس عہد کو دہرانا چاہیئے کہ اے اللہ میں عہد کرتا ہوں کہ تیری مرضی کو اپنی مرضی بنانے، اور محمدؐ کی تمنّا کو پوری کرنے میں جو کچھ مجھ سے بنے کر گذرونگا۔

تعوذ	اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ
	میں شیطان رجیم سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں
تسمیہ	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
	اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں
کلمۂ طیّب	لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؕ
	اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں محمدؐ اس کے بھیجے ہوئے ہیں
کلمۂ شہادت	اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ
	میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ایک ہے۔ نہ اس کا
	لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ
	کوئی شریک ہے، نہ اس کے سوا کوئی اور خدا ہے میں یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اس کے بندے اور رسول ہیں

کلمۂ تمجید | سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ

اللہ پاک ہے سب تعریفیں اسی کے لئے ہیں۔ اس کے سوا

اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ

کوئی خدا نہیں۔ وہی سب سے بزرگ ہے۔ اس کی بلند و بزرگ ذات کے

اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

بغیر کسی قوت و طاقت کا وجود نہیں۔

کلمۂ توحید | لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ

اللہ ایک ہے، اس کے سوا کوئی خدا ہے نہ اس کا کوئی شریک،

لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا

کل ملک اسی کے لئے ہے، اور تمام تعریفیں اسی کے واسطے۔ وہی

یَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِہِ

جلاتا اور مارتا ہے۔ وہ زندہ ہے جسے کبھی فنا نہیں۔ بھلائی اسکے ہاتھ میں ہے۔ اور ہر چیز

الْخَیْرُ ط وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

پر اسے قدرت ہے۔

کلمۂ ردکفر | اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ

اے اللہ تیرے ساتھ کسی چیز کو شریک کرنے سے پناہ مانگتا ہوں

بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا

اور استغفار کرتا ہوں' ان گناہوں سے جن کو میں جانتا   اور ان

اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ

سے جن کو نہیں جانتا ہوں اور   توبہ کی میں نے ان سب سے اور بیزار آیا میں کفر شرک

وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِيْمَةِ - وَ

غیبت - بدعت چغلی فواحش، بہتان دیگر تمام گناہوں سے'   اسلام لایا

الْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِيْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ

یعنی تیرے سپرد کیا میں نے اپنے آپ کو اور ایمان لایا میں نے   اور یہ قول ہے

وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۝

میرا کہ   اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں - محمد اسی کے بھیجے ہوئے ہیں

ایمانِ مجمل اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَائِهٖ وَصِفَاتِهٖ

ایمان لایا میں اللہ پر' جیسا وہ ہے' اپنے ناموں اور صفتوں پر' اور

وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ ۝ ایمانِ مفصل اٰمَنْتُ

میں نے تمام احکام قبول کر لئے   ایمان لایا

بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

میں نے اللہ' اس کے فرشتوں' اس کی کتابوں اس کے رسولوں' اور روز محشر

وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ

براور اس پر کہ بُرائی اور بھلائی کی مقدار اللہ ہی کی معین کی ہوئی ہے۔ و پیر موت

بَعْدَ الْمَوْتِ ط سُوْرَۂ فَاتِحَہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

کے بعد والی زندگی پر۔ اصل تعریف تو دین کے دن کے

الْعَالَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ

مالک رحمٰن رحیم۔ رب العالمین اللہ ہی کے لئے ہے۔

الدِّيْنِ ۙ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۙ اِهْدِنَا

(یہی وجہ ہے کہ) ہم تیری ہی غلامی کرتے، اور اپنی کل ضرورتوں کو تجھی سے

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

پوری کرتے ہیں (اسلئے) ہمیں اس صراط المستقیم یا سیدھے راستہ پر لے چل جن پر چلنے والوں الیعی ہموں

عَلَيْهِمْ ۵ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۙ

صدیقوں، شہیدوں، اور صالحوں) پر تیرا انعام ہوا غصب یا شہوت کے مارے ہوئے مغضوبین اضالین

اٰمِيْنَ

کے راستے سے نہیں بچا۔ (ایسا ہی ہو)

سورۃ الفیل اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ

کیا نہیں معلوم تجھے کہ تیرے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ

الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّ

کیا کیا د　کیا ان کا مکر توڑا نہیں گیا؟　کیا　ایی

اَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ

جو یچوں سے پتھر برسا کر ان کو　یحوسے　ہوے یحوسے

مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

کی طرح کردیے　والے　طیرابابیل　ان پر　بھیجے نہیں　گئے؟

سُوْرَةُ الْقُرَيْش لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ

قسم اس محبت کی جو سرما و گرما کے کوچ سے　قریشیوں

الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ

کو ہے، کہ وہ　اس　رب کعبہ　کی غلامی　(عبادت) کریں۔

الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ

جس نے　انہیں بھوک میں　خوراک　اور　خوف　میں　امن عطا

خَوْفٍ ۝ سُوْرَةُ الْمَاعُوْن اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝

فرمایا۔　دیکھا اس کو جو دین کو جھٹلاتا ہے۔　یہ وہی تو

فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى

ہے، جو یتیم کو　دھتکارتا ہے،　اور　مسکین　پر دری کو

طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ

پسند نہیں کرتا، ایسی نمازوں سے لئے خرابی اور ریاکاروں

هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ

کے لئے خرابی ہے۔ اور عام استعمال میں آنے والی چیزوں سے

يُرَآءُوْنَ ۝ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝ سورة الكوثر

دوسروں کو باز رکھنے والوں کے لئے بھی تباہی ہے۔

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ

ہم نے بہودی انسانی کا زیادہ سے زیادہ ذخیرہ (کوثر) تجھے عطا کیا ہے

۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝ سورة الكافرون . قُلْ

پس تو اپنے رب کو پوجتا اور نحر کرتا جا، رہی ابتری، وہ تو تیرے دشمن کے حصہ میں ہے۔

يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ

کہہ دے کہ اے کافرو! میں اس کا غلام نہیں، جسکے تم ہو، اور تم اس کے

۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا

غلام نہیں۔ جس کا میں ہوں، تو نہ میں اس کی غلامی یا عبادت کروں گا

عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَا

جس کی تم کرتے ہو۔ اور نہ تم اس کی عبادت کروگے، جس کی میں کرتا ہوں

أَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ سورة النصر

توجو صورت باقی رہ جاتی ہے، وہ یہ ہے کہ تمہارا راستہ تمہیں اور میرا مجھے۔

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَأَيْتَ النَّاسَ

جب فتح و نصرت خداوندی اور لوگوں کا جھنڈ در جھنڈ دینِ الٰہی میں

يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ

داخل ہوتا تو نے دیکھ لیا، تو پھر اب اپنے رب کی تسبیح

رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۝ سورة اللهب

تحمید اور استغفار کی طرف متوجہ ہو کہ وہ بڑا بخشش والا ہے۔

تَبَّتْ يَدَا أَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَا أَغْنٰى عَنْهُ

ٹوٹ گئے ابولہب کے ہاتھ ٹوٹ گئے۔ اس کے مال اور اس کا کسب نے اُسے کوئی فائدہ

مَالُهُ وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝

نہیں دیا، وہ اور اس کی | چغلخور بیوی جس کے

وَّامْرَأَتُهُ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ جِيْدِهَا

گلے میں رسا پڑا ہوگا

حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

عنقریب آگ میں پڑیگے

سورۃ الاخلاص قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝

کہو کہ اللہ یکتا ہے - بے ساز ہے۔ وہ کسی

لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ

چیز سے پیدا ہوا ہے نہ کوئی چیز اس سے پیدا ہوئی ہے - اور نہ اُس کا

كُفُوًا اَحَدٌ ۝

کوئی رشتہ دار ہی ہے

سورۃ الفلق قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ

کہو کہ میں مخلوقات، ضلالت، سحر اور حسد کی برائیوں

مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ

سے خداوند صبح ہدایت کی

شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ

پناہ

اِذَا حَسَدَ ۝

مانگتا ہوں

سورۃ الناس قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ

کہو کہ میں انسانوں کے

إِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ

رب انسانوں کے • بادشاہ انسانوں کے خدا سے

الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ

پناہ مانگتا ہوں تاکہ میں انسانوں کے دلوں میں وسوسے ڈالنے

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○

والے جنی اور انسی خناس سے محفوظ رہوں

نیت غسل اَغْتَسِلُ لِرَفْعِ الْحَدَثِ ○

میں غلاظت کو دور کرنے کے لئے غسل کرتا ہوں

نیت وضو اَتَوَضَّأُ لِرَفْعِ الْحَدَثِ ○

میں غلاظت کو دور کرنے کے لئے وضو کرتا ہوں

نیت تیمم اَتَيَمَّمُ لِرَفْعِ الْحَدَثِ

میں غلاظت کو دور کرنے کے لئے تیمم کرتا ہوں

نیت روزہ اَللّٰهُمَّ اَصُوْمُ غَدًا لَكَ فَاغْفِرْ لِيْ

اے اللہ میں تیرے لئے روزہ رکھتا ہوں

مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ

تو میرے اگلے اور پچھلے گناہوں کو بخش دے۔

نیّت افطار اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ

اے اللہ میں نے تیرے لئے روزہ رکھا۔ تجھ پر

وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

ایمان لایا تجھ پر بھروسہ کیا، اور تیرے دئے ہوئے رزق سے

فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ۝

افطار کیا، تو میری یہ ناچیز پیش کش قبول فرما۔

نیّت فرض نماز اُصَلِّیْ فَرْضَ هٰذَا الْوَقْتِ

اللہ تعالےٰ کے لئے اس وقت کی فرض

لِلّٰهِ تَعَالٰی ۝

نماز پڑھتا ہوں

توجیہہ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ

میں نے اپنا مُنہ خالص اس کی طرف کیا، جو زمین

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ

و آسمان کا فاطر ہے۔ میں مشرکوں سے

الْمُشْرِكِيْنَ ۝

نہیں ہوں

تکبیر اَللّٰہُ اَکْبَرُ ○

اللہ سب سے بزرگ ہے

ثنا سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَ

اے اللہ اپنی حمید کے ساتھ تو پاک ہے، تیری ذات بزرگ

تَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ

تیرا نام بلند - تیرے سوا کوئی نہیں -

تسبیح رکوع سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ

میرا عظمت والا رب پاک ہے

تسمیع سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ ○

اللہ نے وہ تعریف سُن لی، جو اس کے لئے کی گئی

تحمید اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ

اے اللہ پالنے والے ہمارے، ہر طرح کی تعریف تیرے ہی لئے ہے

تسبیح سجدہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

میرا رب پاک، اور مرتبہ والا ہے

تشہد اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰاتُ وَالطَّیِّبَاتُ

تمام تحیتیں نمازیں اور کل اچھی چیزیں اللہ ہی کیلئے ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

اے نبیؐ آپ پر سلام اور اللہ کی برکتیں اور رحمتیں ہوں

وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ

اور سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر، میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً

الصّٰلِحِيْنَ ۝ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً محمدؐ

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۝

اس کے بندے اور اس کے بھیجے ہوئے ہیں۔

درود ابراہیم اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اے اللہ رحمت نازل فرما محمدؐ اور محمدؐ والوں پر

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى

جیسے رحمت نازل فرمائی تو نے ابراہیم اور ابراہیم والوں پر

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

کہ تو حمید و مجید ہے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ برکت نازل فرما محمدؐ اور محمدؐ والوں پر جیسے برکت نازل فرمائی تو نے

بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

ابراہیم اور ابراہیم والوں پر کہ تو حمید و

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

مجید ہے

دعا - اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ وَلِوَالِدَىَّ وَ

اے اللہ اے سب رحم کرنے والوں سے بڑھکر رحم کرنے والے

لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

اپنی رحمت کے طفیل سے میری، میرے ماں باپ اور کل مومن و مسلم مردوں اور

وَالْمُسْلِمَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

عورتوں کی مغفرت فرما۔

سلام اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

تم پر اللہ کی رحمت اور سلامتی ہو۔

دعا رَبَّنَا اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى

اے اللہ دنیا اور آخرت دونوں کی بھلائی

الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

ہمیں دے اور عذاب جہنم سے ہمیں بچا

دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ اِیْمَانًا مُّسْتَقِیْمًا وَّ

اے اللہ ہمارا سوال تیری بارگاہ میں یہ ہے، کہ تو ہمیں

فَضْلًا دَائِمًا وَّنَظَرًا رَّحْمَۃً وَّعِلْمًا نَّافِعًا

ایماں مستقیم دے، فضل دائم دے، نظر رحمت دے، علم نافع دے

وَّعَقْلًا کَامِلًا وَّقَلْبًا مُّنَوَّرًا وَّتَوْفِیْقًا اِحْسَانًا

عقل کامل دے، قلب روشن دے، توفیق احساں دے

وَّتَوْبَۃً نَّصُوْحًا وَّصَبْرًا جَمِیْلًا وَّ اَجْرًا

توبہ نصوح دے، صبر جمیل دے، اجر عظیم دے،

عَظِیْمًا وَّلِسَانًا ذَاکِرًا وَّبَدْنًا صَابِرًا وَّعُمْرًا

زباں ذاکر دے، بدن صابر دے عمر طویل دے رزق وسیع

طَوِیْلًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّسَعْیًا مَّشْکُوْرًا وَّ

دے، سعی مشکور دے، گناہ مغفور دے، عمل

ذَنْبًا مَّغْفُوْرًا وَّعَمَلًا مَّقْبُوْلًا وَّدُعَاءً

مقبول دے۔ دُعائے مستجاب دے، اور اپنی

مُّسْتَجَابًا وَّجَنَّۃَ الْفِرْدَوْسِ نَعِیْمًا

رحمت سے مقام جنت عطا فرمائے،

مُسْتَقِيْمًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَ

اے ارحم الراحمین اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اللہ۔ اپنے بہترین مخلوق ہمارے

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سردار محمد، ان کی اُمت اور اُن کے

وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ سُبْحَانَ رَبِّكَ

جمیع اصحاب پر اللہ نے رحمت کی۔ تیرا عزت والا رب

رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى

تعریف کرنے والے کی عقل اور ادراک سے پاک اور پرے ہے سلام ہو تمام مرسلوں

الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

پر اور تمام تعریفیں عالموں کے رب، اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔

اذان اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ سب سے زیادہ بزرگ ہے، اللہ سب سے زیادہ بزرگ ہے۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ط

اللہ سب سے زیادہ بزرگ ہے۔ اللہ سب سے زیادہ بزرگ ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً اللہ کے

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ط اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

سوا کوئی خدا نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد یقیناً

رَّسُوْلُ اللّٰہِ، اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

اللہ کے رسول ہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً محمدؐ اللہ کے رسول ہیں

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلٰی

نماز کے لئے نکلو۔ نماز کے لئے نکلو فائدہ کے

الْفَلَاحِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط (اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ

لئے نکلو، فائدہ کے لئے نکلو، (صبح کی اذان ہو تو نماز خواب

مِّنَ النَّوْمِ ط اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ) اَللّٰہُ اَکْبَرُ

سے بہتر ہے، نماز خواب سے بہتر ہے۔) اللہ سب سے بزرگ ہے،

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط

اللہ سب سے بزرگ ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں

اقامت: حی علی الفلاح کے بعد اقامت میں یہ کہے: قَدْ قَامَتِ

نماز کھڑی

الصَّلٰوۃُ - قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ -

ہوگئی۔ نماز کھڑی ہوگئی۔

دعائے قنوت اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ

اے اللہ ہم تجھ سے امداد چاہتے، اور استغفار کرتے

وَ نُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِي عَلَيْكَ

تجھ پر ایمان لاتے اور تجھ پر بھروسہ کرتے، اور تجھ سے بھلائی

الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَ

چاہتے اور تیرا شکر ادا کرتے ہیں، جو تیری نافرمانی کرے اُسے چھوڑتے اور

نَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ ط اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ

ترک کرتے ہیں۔ اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے

وَلَكَ نُصَلِّي وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ

ہیں۔ تیری ہی نماز پڑھتے اور تجھی کو سجدہ کرتے، اور تیرے ہی سامنے

وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ

جھکتے ہیں۔ ہماری کل جد و جہد کا مقصود تو ہی ہے۔ ہم تیری ہی رحمت کے اُمیدوار

بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ درود اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اور تیرے ہی عذاب سے ڈرتے ہیں یقیناً تیرا عذاب کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ اے اللہ درود و برکت اور سلامتی

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

ہو محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر۔

نیت نمازِ جنازہ اُصَلِّي لِلّٰهِ تَعَالٰى وَاَدْعُوْا لِهٰذَا

میں اللہ کی نماز اور اُس میت کے واسطے دعا کے لئے

الْمَيِّتِ اِقْتَدَيْتُ بِهٰذَا الْاِمَامِ مُتَوَجِّهًا اِلٰی

رو بقبلہ اس امام کی اقتدا کرتا ہوں

جِهَةِ الْكَعْبَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ دعا بڑی میت کے لئے

اللہ بڑی بزرگی والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا

اے اللہ بخش دے ہمارے زندوں، مردوں، حاضروں، غائبوں،

وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ

چھوٹوں بڑوں اور مردوں عورتوں کی اے اللہ ہم

اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ

میں سے جس کو تو زندہ رکھے، اسے اسلام پر زندہ رکھ اور

تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ

جسے موت دے اُسے ایمان پر موت دے،

دعا لڑکے کی میت کیلئے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا

اے اللہ اس کو ہمارے لئے پیشرو

وَّاجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا

اجر و ذخیرہ اور شافع و

شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا ○

متشفع منا

دُعا لڑکی کی میت کے لئے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا

اے اللہ اس کو ہمارے لئے

وَاجْعَلْھَا لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّ اجْعَلْھَا

پیشرو اجر و ذخیرہ اور

لَنَا شَافِعَةً وَّ مُشَفَّعَةً ○

شافع و متشفع منا

سلام بہ قبور اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ ○

اے قبروں والو! تم پر سلامتی ہو

سلام و جواب سلام اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ

سلام ہو آپ پر آپ پر سلامتی ہو

استرجاع اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ○

ہم اللہ ہی کے لئے ہیں۔ اسی کی طرف ہمیں لوٹنا ہے

اَلْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی

اَللّٰہُ	رَحْمٰنُ	رَحِیْمُ	مَلِكُ
اللہ	رحمٰن	رحیم	بادشاہ
قُدُّوْسُ	سَلَامُ	مُؤْمِنُ	مُهَيْمِنُ
پاک	سلامتی والا	امن دینے والا	نگہبان
عَزِیْزُ	جَبَّارُ	مُتَكَبِّرُ	خَالِقُ
غالب	زبردست	بزرگ	خلق کا اندازہ کرنیوالا
بَارِیُ	مُصَوِّرُ	غَفَّارُ	قَهَّارُ
پیدا کرنے والا	صورت دینے والا	بخشنے والا	غالب
وَهَّابُ	رَزَّاقُ	فَتَّاحُ	عَلِيْمُ
دینے والا	رزق پیدا کرنیوالا	کھولنے والا	جاننے والا
قَابِضُ	بَاسِطُ	خَافِضُ	رَافِعُ
تنگ کرنے والا	کھولنے والا	پست کرنے والا	بلند کرنے والا
مُعِزُّ	مُذِلُّ	سَمِيْعُ	بَصِيْرُ
عزت دینے والا	ذلت دینے والا	سننے والا	دیکھنے والا

حَکَمٌ	عَدَلٌ	لَطِیفٌ	خَبِیرٌ
فیصلہ کرنیوالا	انصاف کرنے والا	باریک بیں	خبر رکھنے والا
حَلِیمٌ	عَظِیمٌ	غَفُورٌ	شَکُورٌ
بردبار	بزرگ	بخشنے والا	شکر پسند
عَلِیٌّ	کَبِیرٌ	حَفِیظٌ	مُقِیتٌ
بلند	بڑا	نگہبان	قوت دینے والا
حَسِیبٌ	جَلِیلٌ	کَرِیمٌ	رَقِیبٌ
کافی	بزرگ	سخی	نگاہ رکھنے والا
مُجِیبٌ	وَاسِعٌ	حَکِیمٌ	وَدُودٌ
قبول کرنیوالا	وسعت دینے والا	حکمت والا	دوست
مَجِیدٌ	بَاعِثٌ	شَهِیدٌ	حَقٌّ
بزرگ	اٹھانے والا	حاضر	ثابت
وَکِیلٌ	قَوِیٌّ	مَتِینٌ	وَلِیٌّ
کارساز	قوت والا	مضبوط	مددگار
حَمِیدٌ	مُحْصِیٌ	مُبْدِئٌ	مُعِیدٌ
تعریف کرنے والا	احاطہ کرنے والا	پیدا کرنیوالا	اعادہ کرنیوالا

مُحْیِیُ	مُمِیْتُ	حَیُّ	قَیُّوْمُ
جلانے والا	مارنے والا	زندہ	قائم رہنے والا
وَاجِدُ	مَاجِدُ	وَاحِدُ	اَحَدُ
بے پروا	بزرگ	ایک	یکتا
صَمَدُ	قَادِرُ	مُقْتَدِرُ	مُقَدِّمُ
بے پروا	قدرت والا	قدرت ظاہر کرنیوالا	آگے کرنے والا
مُؤَخِّرُ	اَوَّلُ	آخِرُ	ظَاهِرُ
پیچھے ڈالنے والا	پہلا	پچھلا	کھلا
بَاطِنُ	وَالِیُ	مُتَعَالِیُ	بَرُّ
چھپا	مالک	بلند	نیکوکار
تَوَّابُ	مُنْتَقِمُ	عَفُوُّ	رَؤُفُ
توبہ قبول کرنیوالا	بدلہ لینے والا	معاف کرنے والا	مہربان
مَالِكُ الْمُلْكِ		ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ	
جہان کا مالک		بزرگی اور بخشش والا	
مُقْسِطُ	جَامِعُ	غَنِیُّ	مُغْنِیُّ
انصاف کرنے والا	جمع کرنے والا	بے پروا	بے پروا کرنیوالا

مَانِعٌ	ضَارٌّ	نَافِعٌ	نُوْرٌ
منع کرنیوالا	ضرر پہچانے والا	نفع دینے والا	روشنی والا
هَادِیٌ	بَدِیْعٌ	بَاقِیٌ	وَارِثٌ
راہ دکھانے والا	پیدا کرنے والا	ہمیشہ رہنے والا	رہنے والا
°	رَشِیْدٌ	صَبُوْرٌ	
	رہنما	بُردبار	

تسبیح سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ ط

پاک ہے مقدس پادشاہ ۔ پاک ہے ملک و ملکوت

سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَیْبَةِ

والا پاک ہے ۔ عزت و عظمت قدرت و ہیبت

وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِیَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ ط سُبْحَانَ

اور بزرگی و جبروت بڑائی اور دبدبہ والا پاک

الْمَلِكِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَلَا یَمُوْتُ سُبُّوْحٌ

ہے زندہ بادشاہ جو نہ اونگھتا ہے ، اور نہ اسے موت آسکتی ہے ۔

قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ °

پاک ہے بزرگ ہے ہمارا فرشتوں کا اور روح کا رب

اس کتاب پر

بقیۃ الصالحین حضرت

علامہ حسین احمد صاحب مدنی

محدث دار العلوم دیوبند کی رائے

"یہ نہایت مبارک سلسلہ ہے"

علامہ سید سلیمان صاحب ندوی

دار المصنفین اعظم گڈھ

کی رائے

"میں اس کتاب کو پسند اور اسکے رواج و اشاعت کو مفید سمجھتا ہوں"

حضرت شاہ سلیمان صاحب پھلواری

صدر بزم صوفیہ کی رائے

"میں اس کتاب کو بیحد مفید خیال کرتا ہوں"

سید الاحرار حضرت سید فضل الحسن

حسرت موہانی ظلہ

کی رائے

"یہ کتاب ہر حیثیت سے دید کے قابل اور ستائش کی مستحق ہے"

اس کتاب پر
حضرت مولانا عبد الماجد
کی رائے

"یہ نہایت قابل قدر کتاب ہے۔"

اس کتاب پر
اخبار آزاد "برما رنگون"
کی رائے

"اس کتاب کی پوری تعریف
زبان وقلم سے نہیں ہوسکتی۔"

اس کتاب پر
حضرت مولانا محمد عمر
بانی مدرسۂ عالیہ اسلامیہ کرنول
کی رائے

"ہونہار نونہالوں کے دلوں میں
مذہبی احکام کی قدر، اور دینی جذبہ پیدا
کرنے کیلئے یہ بے نظیر سلسلہ ہے۔"

اس کتاب پر
اخبار "شیر رنگون"
کی رائے

"اگر ہم اپنی اولاد کو صحیح معنوں
میں مسلمان دیکھنا چاہتے ہیں تو ہم کو ا
ہی سی ایسی مفید مذہبی کتابوں کا انکو درس د
ینا چاہیئے۔"